SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

June 14, 2023

## ایس ای سی پی اور آئی سی اے پی کے زیر اہتمام کارپوریٹ رپورٹنگ پر ویبینار کا انعقاد

اسلام آباد، 14 جون: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی) کے تعاون سے کارپوریٹ رپورٹنگ اور معلومات کی فراہمی سے متعلق ویبینار منعقد کیا۔

شرکاء میں ایس ای سی پی، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے افسران شامل تھے۔

ایس ای سی پی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر مس مسرت جبین نے اپنے افتتاحی کلمات میں کہا کہ ایس ای سی پی سسٹین ایبیلیٹی ڈسکلوژرز پر بین الاقوامی پیش رفت پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے انٹرنیشنل سسٹین ایبل اسٹینڈرڈز بورڈ (آئی ایس ایس بی) کے معیارات کے مطابق صلاحیت سازی کی کوششوں میں آئی سی اے پی کے کردار کو بھی سراہا۔ انہوں نے جامع اقتصادی ترقی میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ایس ای سی پی کے عزم کا اعادہ کیا اور صلاحیت سازی کے اقدامات کے لیے اسٹیک ہولڈرز کے درمیان تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔

ویبنار کی قیادت آئی سی اے پی کے سینئر ڈائریکٹر جناب سہیل ملک نے کی۔ انہوں نے آئی ایس ایس بی کے معیارات کے مطابق کارپوریٹ رپورٹنگ پر تکنیکی پریزنٹیشن دی، جس کے بعد شرکاء کے ساتھ ایک سوال جواب کا سیشن بھی ہوا۔

آئی سی اے پی کے کونسل ممبر جناب فرخ رحمان نے اپنے اختتامی کلمات میں ایس ای سی پی کو اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مسلسل شراکت داری کے لیے سراہا اور آئی ایس ایس بی کے معیارات کے تناظر میں صلاحیت سازی کے لیے پیشہ ور افراد اور صنعت کے ماہرین کو شامل کرنے میں آئی سی اے پی کے کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کارپوریٹ رپورٹنگ کے لیے ڈیٹا اکٹھا

کرنے اور اس کا تجزیہ کرنے میں درپیش اہم چیلنجوں اور کارپوریٹ پائیداری کی رپورٹوں کے آزادانہ جائزہ لینے کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

یہ ویبینار ای ایس جی ایکو سسٹم کے کلیدی اسٹیک ہولڈرز کے درمیان پائیداری کی رپورٹنگ کے معیارات کے حوالے سے صلاحیت سازی اور آگاہی کے لیے منعقد کیے جانے والے سیشنز کی سیریز کا حصہ ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005